ISUZU

FORM- 4

October 7, 2021

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Subject: **Notice of Annual General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of the Annual General Meeting to be held on October 28, 2021 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

The aforementioned notice has been published in the following English and Urdu language newspapers on October 07, 2021.

1. Business Recorder (English)
2. Daily Express (Urdu)

Yours Sincerely,

Talha Ahmed Zaidi
Company Secretary

Encl: Notice Copy

GHANDHARA INDUSTRIES LIMITED
F-3, Hub Chowki Road, S.I.T.E. Post Box No. 2706, Karachi – 75730, Pakistan.
UAN: 021-111-445-111 Tel: (+92-21) 38709000, 32560083-86 Fax: (+92-21) 32560090, 32564458
Web: http://www.gil.com.pk
Email: info@gil.com.pk

GHANDHARA
INDUSTRIES LIMITED

Notice of 58th Annual General Meeting

Notice is hereby given that the 58th Annual General Meeting of the shareholders of GHANDHARA INDUSTRIES LIMITED will be held on Thursday, October 28th, 2021 at 04:15 P.M at F-3, Hub Chauki Road, S.I.T.E., Karachi to transact the following business:

Ordinary Business

1) To receive, consider and adopt the annual audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2021, together with Directors' and Auditors' report thereon.
2) To appoint Auditors for the year ending June 30, 2022 and to fix their remuneration. The retiring auditors, Messers Shine Wing Hameed Chaudhri & Co. Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for re-appointment for the year ending June 30, 2022.
3) Any other business with the permission of the Chair.

Special Business

1) To consider to pass the following ordinary resolutions:
   a) "RESOLVED that the transactions carried out in normal course of business with related parties during the year ended June 30, 2021 be and are hereby ratified and approved."
   b) "RESOLVED that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to approve all the transactions carried out and to be carried out in normal course of business with associated companies/related parties during the ensuing year ending June 30, 2022 and in this connection the Chief Executive be and is hereby also authorized to take any and all necessary actions and sign/execute any and all such documents/indentures as may be required in this regard on behalf of the Company."

By Order of the Board

Karachi
October 7, 2021

Talha Ahmed Zaidi
Company Secretary

A statement of material facts under section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the Special Business is annexed to this notice of the meeting.

NOTES:

1. Coronavirus Contingency Planning for Annual General Meeting of Shareholders

Considering the situation on the spread of the COVID-19 and in the light of the relevant guidelines issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide Circular No. 4 of 2021 dated February 15, 2021, the Company has decided to facilitate its shareholders by also allowing the Shareholders to attend the meeting through video link for the safety and in the best interest of the shareholders. Therefore, shareholders who are interested in attending the AGM proceedings through video link are required to update their valid e-mail ID with the Share Registrar, latest by October 20, 2021. A detailed procedure shall be communicated through e-mail directly to the shareholders who have provided their valid e-mail IDs and same shall be placed at the Company's website https://www.gil.com.pk in the investor relations section.

The shareholders who have already updated their valid e-mail IDs with the Company or its Share Registrar and are interested to attend AGM online may send below information along with valid copy of both sides of CNIC with the subject "Registration for Ghandhara Industries Limited AGM" at shareholders@gil.com.pk for their appointed proxy's verification. Such information should be sent from their duly registered valid e-mail ID for the registration purposes latest by October 20, 2021.

Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the AGM at the email address shareholders@gil.com.pk. Members are therefore, encouraged to attend the AGM through video link or by consolidating their attendance through proxies.

2. Closure of Share Transfer Books

The Share Transfer Books of the Company will remain closed for the period from October 22, 2021 to October 28, 2021 (both days inclusive) for the purpose of Annual General Meeting.Transfers received in order at our Share Registrar M/s. Hameed Majeed Associates (Private) Limited, Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi at the close of business on October 21, 2021 shall be treated in time for the purpose of Annual General Meeting. No transfer will be accepted for registration during this period.

3. Participation in General Meeting

A member of the Company entitled to attend and vote at this meeting, may appoint another person as his/her proxy to attend and vote instead of him/her. Proxies, in order to be effective, must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time for holding the meeting.

CDC shareholders entitled to attend and vote at the meeting must bring his/her Participant ID and Account/Sub-Account number along with original CNIC or original passport to authenticate his/her identity. In case of corporate entity, resolution of Board of Directors/Power of Attorney with specimen signature of the nominee along with his/her recent photograph shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

4. For appointing the proxy

CDC shareholders shall submit the proxy form as per above requirements together with attested copy of CNIC or Passport of the beneficial owner and proxy. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power ofattorney, along with the specimen signature of the nominee, shall be submitted alongwith the proxy form to the Company.

The proxy form shall be witnessed by two witnesses with their names, addresses, and CNIC numbers. The proxy shall produce his/her original CNIC or original Passport at the time of meeting.

5. Change in Address and CNIC

Members are requested to notify/submit the following Information/documents, in case of book entry securities in CDS to their respective participants and in case of physical sharesto the registrar of the Company by quoting their folio numbers and name of the Companyat the above mentioned address, if not earlier notified/submitted:

- Change in their address, if any
- Members, who have not yet submitted attested photocopy of their valid CNIC are requested to submit the same along with folio numbers at earliest, directly to the Company's Share Registrar M/s. Hameed Majeed Associates (Private) Limited, Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi

6. Request for Video Conferencing Facility

If the Company receives consent from the members holding at least 10% shareholding residing in a city, to participate in the meeting through video-link at least seven (07) days prior to date of the meeting, the Company will arrange facility of video-link in that city subject to availability of such facility in that city.

To avail this facility please provide the following information to our Share Registrar M/s Hameed Majeed Associates (Pvt.) Limited.

"I/We, ___________________ of ____________, being a member of Ghandhara Industries Limited, holder of __________ ordinary share(s) as per Registered Folio No. ______ hereby opt for video conference facility at _____________."

Signature of member

7. Availability of Audited Financial Statement on Company's Website

The audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2021 have been made available on the Company's website www.gil.com.pk, at least 21 days before the date of Annual General Meeting.

8. Annual Report through CD/DVD

This is to inform that SECP in accordance with SRO 470(I)/2016 dated 31 May 2016, through which SECP has allowed companies to circulate the annual audited accounts to its members through CD/DVD/ USB instead of transmitting the hard copies at their registered addresses, subject to consent of shareholders and compliance with certain other conditions, the Company has obtained shareholders' approval in its Annual General Meeting held on October 31, 2016. Accordingly, Annual Report of the Company for the year ended June 30, 2021 is dispatched to the shareholders through CD. However, if a shareholder requests for a hard copy of Annual Accounts, the same shall be provided free of cost within seven days of receipt of such request.

Further, SECP through its Notification No. SRO. 787(1)/2014, dated September 08, 2014 has allowed companies to circulate Annual Audited Financial Statements along with Notice of Annual General Meeting through email instead of sending the same through post, to those members who desire to avail this facility. The members who desire to opt to receive aforesaid statements and notice of Annual General Meeting through e-mail are requested to provide their written consent on the Standard Request Form available on the Company's website: www.gil.com.pk

9. Payment of Cash Dividend Electronically (Mandatory Requirement)

In accordance with the provisions of section 242 of the Companies Act, 2017 and Companies (Distribution of Dividend) Regulations, 2017, it is mandatory for a listed company to pay cash dividend to its shareholder only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholder. Shareholders who have not yet submitted their banking details for dividends already declared by the Company are requested to fill in "Electronic Credit Mandate Form" as reproduced below and also available on Company's website and send it duly signed along with a copy of valid CNIC/NTN to their respective CDC participant / CDC Investor account services (in case of shareholding in Book Entry Form) or to the Company's Share Registrar M/s. Hameed Majeed Associates (Pvt) Ltd (in case of shareholding in Physical Form).

a) Shareholder's Details	
Name of the Shareholder (s)	
Folio # /CDS Account No.(s)	
CNIC NO. (Copy attached)	
Mobile/Landline no.	
b) Shareholder's Bank Details	
Title of Bank Account	
International Bank Account Number (IBAN)	
Bank's Name	
Branch's name and address	

It is stated that the above mentioned information is correct and in case of any change herein I/we will immediately intimate the Share Registrar accordingly.

10. Unclaimed Shares and Dividend

Pursuant to Section 244 of the Companies Act, 2017, any shares issued or dividend declared by the Company, which remain unclaimed or unpaid for a period of three years from the date it become due payable shall vest with the Federal Government after compliance of procedures prescribed under the Company Act, 2017. Shareholders are hereby informed that a list of all unclaimed dividend has been added on the Company's website: https://gil.com.pk/page-Unclaimed-dividend-and-shares. Any member affected by this notice is advised to write to or call at the office of the Company's share registrar M/s Hameed Majeed Associates (Pvt.) Ltd., 4th Floor, Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi during normal working hours.

11. Postal Ballot

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, for any agenda item subject to the requirements of Section 143 and 144 of the Companies Act, 2017, members will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot, that is voting by post or through any electronic mode, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid Regulations.

12. Details of Beneficial Ownership

Attention of corporate entities / legal persons is also invited towards SECP Circular No. 16 and 20 of 2018. Respective shareholders (corporate entities / legal persons) are advised to provide the information pertaining to ultimate beneficial owners and / or other information as prescribed in the subject SECP Circulars to the Share Registrar of the Company.

13. Deposit of Physical Shares in to CDC Account

As per Section 72 of the Companies Act, 2017 every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within aperiod not exceeding four years from the date of the promulgation of the Companies Act 2017.

Pursuant to the SECP letter no. CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated March 26, 2021, the Company is following up with all shareholders holding shares in physical form with the request to convert their shares in Book-Entry Form in order to comply withthe provisions of the Companies Act, 2017. Shareholders may contact the Company's Share Registrar to understand theprocess and benefits of conversion of shares held in physical form into Book-Entry Form.

STATEMENT UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

The following statement sets out the material facts pertaining to the special Business to be transacted at the Annual General Meeting of the Company to be held on October 28th, 2021.

Agenda Item # 1(a) of the Special Business - Transactions carried out with associated companies during the year ended June 30, 2021 to be passed as an Ordinary Resolution

The transactions carried out in normal course of business with associated companies (Related parties) were being approved by the Board as recommended by the Audit Committee on quarterly basis pursuant to clause 15 of the Listed Companies Corporate Governance Regulations, 2019.

During the Board meeting it was pointed out by the Directors that as the majority of Company Directors were interested in this/these transaction(s) due to their common directorship and holding of shares in the associated companies, the quorum of directors could not be formed for approval of this/these transaction(s) which has/have to be approved by the shareholders in the General Meeting.

In view of the above, the transactions conducted during the financial year ended June 30, 2021 with associated companies as shown in note no. 42 to the Audited Financial Statements for year ended June 30, 2021 are being placed before the shareholders for their consideration and approval/ratification.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and their shareholding in the associated companies.

Agenda Item No. 1(b) of the Special Business - Authorization to the Chief Executive for the transactions carried out and to be carried out with associated companies during the ensuing year ending June 30, 2022 to be passed as an Ordinary Resolution

The Company shall be conducting transactions with its related parties during the year ending June 30, 2022 on an arm's length basis as per the approved policy with respect to 'transactions with related parties' in the normal course of business. The majority of Directors are interested in these transactions due to their common directorship in the associated companies.

In order to comply with the provisions of clause 15 of Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, the shareholders may authorize the Chief Executive to approve transactions carried out and to be carried out in normal course of business with associated companies/related parties during the ensuing year ending June 30, 2022.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and their shareholding in the associated companies.

گندھارا انڈسٹریز لمیٹڈ

58 ویں سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

اطلاع دی جاتی ہے کہ گندھارا انڈسٹریز لمیٹڈ کے حصص یافتگان کا اٹھانواں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات 28 اکتوبر 2021، بوقت سہ پہر 4:15 بجے، بمقام F-3، حب چوکی روڈ، سائٹ، کراچی، درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

عمومی کارروائی

1) 30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ حسابات کے ہمراہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غوروخوض اور منظوری۔

2) 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہلیت کی بنا پر 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے خود کو دوبارہ تقرری کے لیے پیش کیا ہے۔

3) چیئرمین کی اجازت سے مزید کسی معاملے کو اجلاس کی کارروائی کا حصہ بنانا۔

خصوصی کارروائی

1) درج ذیل عمومی قراردادوں کی منظوری پر غوروخوض:

a) ''30 جون، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے دوران متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ عمومی طریقہ کار کے مطابق کیے گئے سودوں کی متفقہ طور پر توثیق کی جاتی ہے اور منظوری دی جاتی ہے۔''

b) ''کمپنی کے چیف ایگزیکیٹو کو بذریعہ ہٰذا مجاز بنایا جاتا ہے کہ وہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران تمام لین دین اور متعلقہ کمپنیوں/ متعلقہ فریقوں کے ساتھ معمول کے طریقہ کار کے تحت کیے جانے والے کاروبار کی منظوری دے۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکیٹو کو بذریعہ ہٰذا یہ بھی اختیار دیا جاتا ہے کہ اس ضمن میں جس طرح کی ضرورت ہو کمپنی کی جانب سے کوئی بھی اور تمام ضروری کارروائیاں کرے اور اس حوالے سے جہاں درکار ہو تمام دستاویزات/ اقرار ناموں پر دستخط/عملدرآمد کرے۔''

بحکم بورڈ

طلحہ احمد زیدی

کمپنی سیکرٹری

کراچی: بتاریخ 7 اکتوبر 2021

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3)134 کے تحت خصوصی کارروائی سے متعلق اہم حقائق کا ایک بیان اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

نوٹس:

1- حصص یافتگان کے سالانہ اجلاس عام کے لیے کورونا وائرس سے متعلق ہنگامی منصوبہ بندی

کووڈ-19 کے پھیلاؤ کے پیش نظر اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے بذریعہ سرکولر نمبر 4 آف 2021، بتاریخ 15 فروری 2021، کمپنی نے حصص یافتگان کی حفاظت اور بہترین مفاد میں اپنے حصص یافتگان کو ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ لہٰذا، جو حصص یافتگان ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ 20 اکتوبر 2021 تک اپنی کارآمد ای میل کی آئی ڈی شیئر رجسٹرار کے پاس تجدید کریں۔ ایسے حصص یافتگان کو جنھوں نے اپنی کارآمد ای میل آئی ڈی فراہم کردی ہے، انہیں ایک ای میل کے ذریعے براہ راست تفصیلی طریقہ کار سے آگاہ کردیا جائے گا اور اسے کمپنی کی ویب سائٹ https://www.gil.com.pk پر بھی سرمایہ کاروں سے تعلقات کے سیکشن میں رکھ دیا جائے گا۔

ایسے حصص یافتگان جنھوں نے پہلے سے ہی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے کارآمد ای میل آئی ڈی کی تجدید کرالی ہے اور اجلاس عام میں آن لائن شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، وہ اپنے مقرر کردہ نمائندے کی تصدیق کے لیے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے دونوں اطراف کی کارآمد نقل کے ہمراہ درج ذیل معلومات ''گندھارا انڈسٹریز لمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام کے لیے رجسٹریشن'' کے عنوان سے shareholders@gil.com.pk پر بھیج سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے مقاصد کے لیے ایسی معلومات ان کی باضابطہ رجسٹرڈ درست ای میل آئی ڈی سے 20 اکتوبر 2021 تک ارسال کی جائیں۔

حصص یافتگان سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات ای میل ایڈریس shareholders@gil.com.pk پر بھی فراہم کرسکتے ہیں۔

لہٰذا، اراکین کو ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت یا نمائندوں کے ذریعے اپنی حاضری یقینی بنانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

2- حصص منتقلی کے کھاتوں کی بندش

کمپنی کے حصص منتقلی کے کھاتے سالانہ اجلاس عام کی غرض سے 22 اکتوبر تا 28 اکتوبر 2021 بند رہیں گے (دونوں ایام شامل ہیں)۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی کو 21 اکتوبر 2021 کو کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلی کی درخواستوں کو سالانہ اجلاس عام کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔ اس مدت کے دوران کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کی جائیں گی۔

3- اجلاس عام میں شرکت

اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا/ کی اہل کوئی کمپنی ممبر کسی دوسرے فرد کو اپنی جگہ اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کے لیے نمائندہ مقرر کرسکتا ہے۔ نمائندگی ناموں کے مؤثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہوچکے ہوں۔

اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے حق دار CDC حصص یافتگان کے لیے ضروری ہے اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ کے ہمراہ اپنی شراکتی آئی ڈی اور اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ نمبر بھی لازماً ساتھ لائیں۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ کے ہمراہ نامزد فرد کے حالیہ فوٹوگراف اور دستخط کے نمونے اجلاس کے وقت پیش کرنے ہوں گے (ماسوائے اس کے کہ پہلے ہی فراہم کیے جاچکے ہوں)۔

4- نمائندے کی تقرری کے لیے

CDC حصص یافتگان درج بالا تقاضے کے مطابق مستفید مالک اور نمائندے کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق نقل کے ہمراہ نمائندگی نامے کی نقل جمع کرائیں گے۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ کے ہمراہ نامزد فرد کے دستخط کے نمونے نمائندگی نامے کے ہمراہ کمپنی کے پاس جمع کرانے ہوں گے۔

نمائندگی نامہ دو گواہوں کی طرف سے ان نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبروں کے ساتھ گواہی کا حامل ہونا چاہیے۔ نمائندہ اجلاس کے موقع پر اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اصل پیش کرے گا۔

5- پتے میں تبدیلی اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ

ممبران سے درخواست ہے درج ذیل معلومات، CDS میں بُک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں اپنے متعلقہ شرکا کے پاس اور دستاویزی حصص کی صورت میں اپنے فولیو نمبرز اور اپنی کمپنی کے نام کے حوالے کے ساتھ درج بالا پتے پر کمپنی کے رجسٹرار کو مطلع کریں/ کے پاس جمع کرادیں، اگر پہلے ہی اطلاع نہ دی جاچکی ہو/ جمع نہ کرائی جاچکی ہوں۔

☆ پتے میں تبدیلی، اگر کوئی ہو

☆ ایسے ممبران، جنھوں نے ابھی تک اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول فراہم نہیں کی ہیں، ان سے درخواست ہے کہ انہیں اپنے فولیو نمبرز کے ہمراہ جلد از جلد براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی کے پاس جمع کرادیں۔

6- وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے درخواست

کمپنی کو کم از کم 10 فیصد حصص رکھنے والے ممبران کی طرف سے، جو کسی شہر میں مقیم ہوں، اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (07) دن پہلے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہو تو کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کی شرط پر وڈیو لنک کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔

اس سہولت سے استفادے کے لیے درج ذیل معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کریں:

میں / ہم،............... برائے............... رجسٹرڈ فولیو نمبر............... کے مطابق............... عام حصص کے مالک گندھارا انڈسٹریز لمیٹڈ کے ایک ممبر کی حیثیت سے بذریعہ ہٰذا بمقام............... وڈیو کانفرنس کی سہولت سے استفادہ کرنا چاہتا ہوں / چاہتے ہیں۔

دستخط ممبر

7- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی

30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ گوشوارے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم اکیس (21) دن پہلے کمپنی کی ویب سائٹ www.gil.com.pk پر دستیاب ہوں گے۔

8- سالانہ رپورٹ بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی

اطلاع دی جاتی ہے کہ SECP کے SRO 470/(I)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے تحت SECP نے کمپنیوں کو اپنے ممبران کو سالانہ مالیاتی گوشوارے دستاویزی شکل میں بھجوانے کے بجائے ان کے رجسٹرڈ پتوں پر بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی ارسال کرنے کی اجازت عطا کردی تھی جو حصص یافتگان کی رضامندی اور کچھ دیگر شرائط کی تعمیل سے مشروط تھی۔ کمپنی نے سالانہ اجلاس عام منعقدہ مورخہ 31 اکتوبر 2016 میں حصص یافتگان سے اس کی منظوری حاصل کرلی تھی۔

اسی کے مطابق 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی سالانہ رپورٹ حصص یافتگان کو بذریعہ سی ڈی بھیج دی گئی ہے۔ تاہم اگر کوئی حصص یافتہ سالانہ حسابات کی دستاویزی نقل کا تقاضا کرتا ہے تو ایسی درخواست کی وصولی کے سات دن کے اندر اسے بلامعاوضہ فراہم کردی جائے گی۔

علاوہ ازیں، ایس ای سی پی نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر SRO. 787(1)/2014، بتاریخ 08 ستمبر 2014 کے ذریعے کمپنیز کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ایسے ممبران کو سالانہ اجلاس عام کی اطلاع کے ہمراہ ڈاک کے بجائے ای میل کے ذریعے بھیجنے کی اجازت دے دی جو یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہوں۔ ایسے ممبران سے، جو مذکورہ بالا گوشوارے اور سالانہ اجلاس عام کی اطلاع ای میل کے ذریعے حاصل کرنے کے خواہش مند ہوں، اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم پر تحریری رضامندی فراہم کرنے کی درخواست کی جاتی ہے جو کمپنی کی ویب سائٹ www.gil.com.pk پر دستیاب ہے۔

9- نقد کیش ڈیویڈنڈ کی برقی ذریعے سے ادائیگی (لازمی تقاضا)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کی شقوں کے تحت کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے حصص یافتہ کو اس کے مقرر کردہ اکاؤنٹ میں صرف برقی ذریعے سے براہ راست کیش ڈیویڈنڈ بھیجے۔ ایسے حصص یافتگان سے، جنھوں نے ابھی تک کمپنی کی طرف سے پہلے ہی اعلان کردہ ڈیویڈنڈز کے لیے اپنی بینکاری کی تفصیلات جمع نہیں کرائیں، درخواست ہے کہ ذیل میں درج ''الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم'' پُر کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے اور براہ کرم اس پر باضابطہ دستخط کرکے اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/NTN کی نقل کے ساتھ اپنے متعلقہ سی ڈی سی شریک کار/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (اگر حصص داری بک انٹری کی شکل میں ہو) کو بھجوادیں یا (دستاویزی حصص کی صورت میں) کمپنی کے شیئر رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کریں۔

a) حصص یافتہ (یافتگان) کی تفصیلات	
حصص یافتہ (یافتگان) کا نام	
فولیو نمبر/CDS اکاؤنٹ نمبر (ز)	Folio # /CDSAccount No.(s)
کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (نقل منسلک ہے)	
موبائل/ لینڈ لائن نمبر	
b) حصص یافتہ کے بینک کی تفصیلات	
بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل	
انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (ABAN)	
بینک کا نام	
برانچ کا نام اور پتا	

مذکورہ بالا معلومات درست ہیں اور ان میں کوئی تبدیلی ہوئی تو میں / ہم فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو مطلع کروں گا/ کریں گے۔

10- بلادعویٰ حصص اور غیر ادا شدہ کیش ڈیویڈنڈ

کمپنیز آرڈیننس 2017 کی شق 244 کے تحت کمپنی کے کوئی بھی جاری کردہ حصص یا اعلان کردہ کیش ڈیویڈنڈ جو قابلِ ادا ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت کے اندر بلادعویٰ ہو یا ادا نہیں کیا گیا تو کمپنی ایکٹ 2017 کے تحت مقررہ طریقہ کار کی تعمیل کے بعد وفاقی حکومت کے پاس جمع کرائے جائیں گے۔

شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ https://gil.com.pk/page-Unclaimed-dividend-and-shares پر تمام بلادعویٰ ڈیویڈنڈز کی فہرست شامل کردی گئی ہے۔ اس نوٹس سے متاثر ہونے والے کسی بھی ممبر کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ معمول کے اوقات کار کے دوران کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، چوتھی منزل، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی کو لکھیں یا کال کریں۔

11- پوسٹل بیلٹ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی پیروی میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط کسی ایجنڈا آئٹم کے لیے ممبران کو مذکورہ بالا ضوابط کے تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی بذریعہ ڈاک یا کسی برقی طریقے کے ذریعے ووٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

12- استفادہ کنندہ مالک کی تفصیلات

کاروباری اداروں/ قانونی افراد کی توجہ ایس ای سی پی سرکولر نمبر 16 اور 20 کی طرف بھی مبذول کرائی جاتی ہے۔ متعلقہ حصص یافتگان (کاروباری ادارے/ قانونی افراد) کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی کے مذکورہ سرکولرز کی ہدایات کے مطابق کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو حتمی استفادہ کنندہ مالکان سے متعلق معلومات اور/ یا دیگر معلومات فراہم کریں۔

13- دستاویزی حصص سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 72 کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ کمیشن کے بتائے ہوئے طریقہ کار اور اس کی بتائی تاریخ سے دستاویزی حصص کو بک انٹری کی شکل میں لائے جس کی اس ایکٹ کے نفاذ یعنی 30 مئی 2017 کے آغاز سے چار سال سے زیادہ نہیں ہوگی۔

ایس ای سی پی لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021 کی پیروی میں کمپنی دستاویزی شکل میں حصص رکھنے والے تمام حصص یافتگان سے درخواست کے ساتھ پیروی کررہی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شقوں کی تعمیل میں اپنے دستاویزی حصص یافتگان کو بک انٹری کی شکل میں لائیں۔ حصص یافتہ اپنی تحویل میں موجود دستاویزی حصص کو بک انٹری کی شکل میں لانے کا طریقہ کار اور حصص کی تبدیلی کے فوائد سمجھنے کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3)134 کے تحت بیان

28 اکتوبر 2021 کو منعقدہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں سرانجام دی گئی خصوصی کارروائی کے اہم حقائق پر مشتمل بیان درج ذیل ہے:

خصوصی کارروائی کا ایجنڈا آئٹم نمبر 1(a)۔ 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ملحقہ کمپنیوں کے ساتھ کیے گئے سودوں کی منظوری کے لیے درج ذیل عمومی قرارداد منظور کی جائے گی:

لسٹڈ کمپنیز کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز 2019 کی شق 15 کے تحت ملحقہ کمپنیوں (ملحقہ پارٹیوں) کے ساتھ عمومی کاروباری طریقہ کے مطابق کیے گئے سودے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ کی طرف سے سہ ماہی بنیادوں پر منظور کیے جارہے تھے۔

بورڈ اجلاس کے درمیان ڈائریکٹرز کی طرف سے نشاندہی کی گئی کہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی ایک بڑی تعداد کا مفادان کی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ملحقہ کمپنیوں میں حصص داری کی وجہ سے ان سودوں سے وابستہ ہے، لہٰذا ان سودوں کی منظوری کے لیے ڈائریکٹرز کی مطلوبہ تعداد دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے اجلاس عام میں حصص یافتگان کی طرف سے ان سودوں کی منظوری لینی پڑے گی۔

مذکورہ بالا صورت حال کے پیش نظر 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال میں ملحقہ کمپنیوں کے ساتھ سودوں کو، جنہیں 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ گوشواروں میں نوٹ 42 میں ظاہر کیا گیا ہے، انہیں غوروخوض اور منظوری کے لیے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائے گا۔

ڈائریکٹرز کی اس قرارداد سے دلچسپی ملحقہ کمپنیوں میں ان کی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ان کی حصص داری تک محدود ہے۔

خصوصی کارروائی کا ایجنڈا آئٹم نمبر 1(b)۔ ملحقہ کمپنیوں کے ساتھ کیے گئے سودوں اور جو سودے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران کیے جائیں گے، ان کے لیے چیف ایگزیکیٹو کو مجاز بنانے کے لیے ایک عمومی قرارداد منظور کی جائے گی۔

30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران کمپنی اپنی ملحقہ کمپنیوں کے ساتھ سودے غیر جانب داری کے ساتھ ''ملحقہ پارٹیوں کے سودے'' کے سلسلے میں منظور شدہ کے مطابق عمومی طریقہ کار کے مطابق سرانجام دے گی۔ ڈائریکٹرز کی ایک بڑی تعداد ملحقہ کمپنیوں میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی وجہ سے ان سودوں میں مفادات رکھتی ہے۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق 15 کی ذیلی شقوں کی تعمیل میں حصص یافتگان ملحقہ کمپنیوں/ متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ عمومی طریقہ کار کے مطابق کیے گئے سودوں اور جو سودے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران کیے جائیں گے، ان کی منظوری کے لیے چیف ایگزیکیٹو کو مجاز بنائیں گے۔

ڈائریکٹرز کی اس قرارداد سے دلچسپی ملحقہ کمپنیوں میں ان کی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور ان کی حصص داری تک محدود ہے۔